س1) بائیومیٹرک ویریفیکشن کیاہے۔
ج) محکمہ ایکسائز میں موٹر ویکلز(گاڑی، موٹر سائیکل، ٹریکٹر وغیرہ) سے متعلق کسی ٹرانزیکشنز میں مالکان کی انگوٹھانشان کی بذریعہ نادرا تصدیق بائیو میٹرک ویریفیکشن ہے۔

س2) بائیومیٹرک ویریفیکشن کب سے نافذ ہو گی
ج) بائیومیٹرک ویریفیکشن 11 جنوری2022 سے نافذ ہو گی۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل کونسی ٹرانزیکشنز پر ہو گا
ج) بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل میں موٹر ویکلز کی نیو رجسٹریشن، اور ملکیت ٹرانسفر پر ہو گا۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل مطوبہ ٹرانزیکشنز کے کس مرحلہ پر انجام پائے گا۔
ج)) بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل مطوبہ ٹرانزیکشنز کے چالان جمع کرا وانے کے بعد کروایا جائے گا۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکشن کے لیے کن افراد کے انگوٹھانشان کی تصدیق درکار ہو گی۔
ج)) بائیومیٹرک ویریفیکشن کے لیے گاڑی سے متعلق خریدار، فروخت کنندہ کے انگوٹھانشان کی تصدیق درکار ہو گی۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل کہاں کہاں انجام پا سکتا ہے۔
ج) بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل پنجاب کے تمام اضلاع میں قائم موٹر رجسٹریشن آفسز اور نادرا ای سہولت مرکز پر انجام دیا جا سکتا ہے۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکشن کی فیس کیا ہے۔
ج)ایک دفعہ بائیومیٹرک ویریفیکشن کی فیس120 روپے ہے۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکشن نہ ہونے کی صورت میں جمع کراوئے گیے چالان کی رقم کا کیا کیا جائے گا۔
ج)) بائیومیٹرک ویریفیکشن کی فیس چالان جمع کروانے کے بعد صرف ایک دفعہ انگوٹھانشان کی تصدیق کے لیے استعمال ہو گی۔ بائیومیٹرک ویریفیکشن نہ ہونے کی صورت میں چالان کی رقم دوبارہ جمع کروانی ہو گی اور بائیومیٹرک ویریفیکشن کا عمل دوبارہ ہو گا۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا عمل کتنے وقت میں مکمل ہوتا ہے۔
ج) بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا عمل انگوٹھے کا نشان لگاتے ہی مکمل ہو جائے گا۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکیشن پراسس میں انگوٹھا کے نشان کی تصدیق نہ ہونے پر کیا طریقہ ہو گا۔
ج) بائیومیٹرک ویریفیکیشن پراسس میں انگوٹھا کے نشان کی تصدیق نہ ہونے پر نادرا دفتر سے رابطہ کرنا ہو گا۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکیشن کرا وانے کی مدت کیا ہے۔
ج) بائیومیٹرک ویریفیکیشن کرا وانے کی مدت چالان جمع کرا ونے کے 30 دن بعد تک ہے۔

س) بائیومیٹرک ویریفیکیشن کے لیے کسی بھی مدد کے لیے کس سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
ج)) بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا عمل میں مدد پنجاب کے تمام اضلاع میں قائم موٹر رجسٹریشن آفسز سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

س) گاڑی مالک کے وفات پا جانے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا کیا طریقہ ہو گا۔
ج)) گاڑی مالک کے وفات پا جانے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کے لیے نادرا سے جاری کردہ ایف آر سی / سیکسیشن سرٹیفیکیٹ لے کر پنجاب کے تمام اضلاع میں قائم موٹر رجسٹریشن آفس سے رجوع کریں۔

س) گاڑی کے مالک کے بیرون ملک ہونے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا کیا طریقہ ہو گا۔
ج)) گاڑی کے مالک کے بیرون ملک ہونے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کے لیے بیرون ملک جہاں نادرا کا ای سہولت مرکز موجود ہے وہاں پر انجام دیا جا سکتا ہے ای سہولت مرکز کی عدم موجودگی کی صورت میں متعلقہ پاکستانی ایمبسی سے رابطہ کریں۔

س) گاڑی کی ملکیت کسی کمپنی یا ادارہ کے نام ہونے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا کیا طریقہ ہو گا۔
ج)) گاڑی کی ملکیت کسی کمپنی یا ادارہ کے نام ہونے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کے لیے متعلقہ کمپنی / ادراہ اپنا نمائندہ برائے بائیومیٹرک ویریفیکیشن مقرر کرے گی۔ جو کہ کمپنی / ادراہ کو فراہم کیے گئے اسپشل لوگن کے ذریعے آن لائن بذریعہ ایپلیکیشن کے ہو گا۔

س) معاہدہ رہن ہونے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن کا عمل کیسے ہو گا۔
ج) معاہدہ رہن ہونے کی صورت میں بائیومیٹرک ویریفیکیشن متعلقہ ادراہ یا بنک اپنا نمائندہ مقرر کرے گا۔ جو کہ بنک کو فراہم کیے گئے اسپشل لوگن کے ذریعے آن لائن بذریعہ ایپلیکیشن کے ہو گا